ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (460)

06.09.24

**بہاولپور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے نماز جمعہ" جامعہ مسجد مہریہ" میں ادا کی اور نماز کے بعد مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران نے نماز جمعہ کے بعد کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان خلیج کے خاتمے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔عوام کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات بارے بریف کیا۔بہاولپور پولیس عوام الناس کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت اور شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے حوالے سے ڈی پی او بہاولپور نے جامعہ مسجد مہریہ نزد بندرہ پلی علاقہ تھانہ صدر بہاولپور میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے اجتماعی وانفرادی مسائل دریافت کئے اور متعلقہ افسران کو فوری دادرسی کے احکامات جاری کئے۔اسی طرح ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں جمعتہ المبارک کے روز کھلی کچہری منعقد کرتے ہوئے شہریوں کے مسائل تفصیل سے سنے اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل اسی طرح جاری رہے گا تاکہ شہریوں کے مسائل کو ان کی دہلیز پر سنا اور حل کیا جا سکے۔عوام کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے پولیس کے سپیشل انیشیٹیوز،فری رجسٹریشن آف کرائم، خدمت کاونٹرز، تحفظ مراکز، لائسنسنگ سینٹرز، میثاق سینٹر سمیت مختلف شعبہ ہائے پولیس کی ورکنگ 15 کال پر پولیس رسپانس کے متعلق مساجد میں منعقد کھلی کچہریوں میں عوام الناس کو تفصیلاً آگاہی فراہم کی گئی۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو انصاف فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے،جس پر تمام فیلڈ افسران عمل پیرا ہیں۔عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔بہاولپور پولیس عوام الناس کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کا جمعہ نماز کی ادائیگی کے بعد مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد، جبکہ ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران بھی نماز جمعہ کے بعد کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (461)

06.09.24

# بہاول پور( )ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او اسد سرفراز خان کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولا پرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں